Sl. No.

# SSLC MODEL EXAMINATION, FEBRUARY - 2020

## URDU

First Language - Paper I

Time : **1½** Hours Total Score : **40**

**പൊതുനിർദ്ദേശങ്ങൾ :**

- ആദ്യത്തെ 15 മിനിറ്റ് ചോദ്യങ്ങൾ വായിച്ച് മനസ്സിലാക്കുന്നതിനുള്ള സമാശ്വാസ സമയമാണ്.
- 1 മുതൽ 4 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ എതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 5 മുതൽ 8 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ എതെങ്കിലും 3 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 9 മുതൽ 15 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ എതെങ്കിലും 5 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.
- 16 മുതൽ 21 വരെ ചോദ്യങ്ങളിൽ എതെങ്കിലും 4 എണ്ണത്തിന് മാത്രം ഉത്തരമെഴുതുക.

**Score**

**3x1=3**

**1** سے **4** تک کے سوالوں میں سے کسی تین کے جواب لکھیے۔

**.1** کہانی ''کابلی والا'' آپ نے پڑھی ہے، نا ؟

یہ کس کی لکھی ہوئی ہے ؟

[عبدالحلیم شرر، لیوٹالسٹائے، پریم چند، رابندرناتھ ٹیگور]

**.2** فضا ویران ہے گرمی کی شدت ہے زمانے میں

مگر مصروف ہیں بے چارے دہقان ہل چلانے میں

بچو! اس شعر میں لفظ ''دہقان'' سے کون مراد ہے ؟

[کسان، سُنار، لوہار، سپاہی]

**.3** ''میری ساری کامیابیوں کی حقدار صرف میری ماں ہے۔''

ماں ----------

بچو! یہ کس نے کہا ہے ؟ چن کر لکھیے۔

[شنکر، ساجن، منّی، مالتی]

P.T.O.

Score

4. کون سا جملہ صحیح ہے ؟ چن کر لکھیے۔

(a) سب بچے تالیاں بجانے لگی۔

(b) سب بچے تالیاں بجانے لگے۔

(c) سب بچے تالیاں بجانے لگا۔

(d) سب بچے تالیاں بجانے لگیں۔

5 سے 8 تک کے سوالوں میں سے کسی تین کے جواب لکھیے : 3x2=6

5. اشعار غور سے پڑھیے اور ان میں سے ہمارے وطن کے بارے میں لکھا ہوا شعر چن کر لکھیے۔

(a) قیدِ حیات و بندِ غم اصل میں دونوں ایک ہیں
موت سے پہلے آدمی غم سے نجات پائے کیوں

(b) اپنی آزادی کو ہم ہرگز مٹا سکتے نہیں
سر کٹا سکتے ہیں لیکن سر جھکا سکتے نہیں

(c) برستے بادلوں میں کھیتیاں جب لہلہاتی ہیں
تو ان کی آرزوئیں جھومتی ہیں، مسکراتی ہیں

6. نیچے کے مکالمے غور سے پڑھیے اور قوسین سے مناسب کردار کا نام چن کر خانہ بھریے :

[امرتا دیوی، لکشمی، مچھیرا]

| | |
|---|---|
| (a) -------- | ''ان داتا! ان مچھلیوں کی قیمت صرف سو کوڑے ہیں۔'' |
| (b) -------- | ''اے بھگوان! اب ہم کیا کریں ؟ کہاں جائیں ؟<br>انھیں پیڑ پودوں کی وجہ سے ہمارا گاؤں زندہ ہے۔'' |

Score

.7 مناسب لفظ چن کر گروہ بھریے :

[کہانی، نظم،ڈراما، آپ بیتی]

| | | | |
|---|---|---|---|
| (a) | غریبوں کا مسیحا | ---------- | ندافاضلی |

| | | | |
|---|---|---|---|
| (b) | رابندرناتھ ٹیگور | ---------- | کابلی والا |

.8 نیچے چند جملے دیے گئے ہیں۔ان میں سے ''سواسیر گیہوں'' کے کردار 'شنکر' سے متعلقہ مناسب دو جملے لکھیے :

(a) شنکر گاؤں کا بڑا دولت مند آدمی تھا۔

(b) شنکر نے گاؤں کے پروہت جی سے 'سواسیر گیہوں' ادھار لیا تھا۔

(c) شنکر ایک سیدھا سادا غریب کسان تھا۔

(d) شنکر شہر کے بڑے محل میں رہتا تھا۔

9 سے 15 تک کے سوالوں میں سے کسی پانچ کے جواب تین یا چار جملوں میں لکھیے : 5x3=15

.9 نظم 'ہاتھوں کا ترانہ' آپ نے پڑھی ہوگی ؟

دنیا کی ترقی میں مزدوروں کا بڑا ہاتھ ہے

بچو! نظم کی روشنی میں محنت مزدوری کی اہمیت کے بارے میں اپنے خیالات لکھیے۔

.10 وہ بھوک کی مسجد میں روٹی کی عبادت تھی

وہ درد کے گرجا میں انسان کی خدمت تھی

(a) یہ شعر ''غریبوں کا مسیحا'' سے لیا گیا ہے۔اس کا شاعر کون ہے ؟

(b) مدر ٹریسا ''غریبوں کا مسیحا'' کے نام سے مشہور ہیں۔کیوں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

Score

11. عبارت غور سے پڑھیے اور نیچے دیے گئے سوالوں کے جواب لکھیے :

جودھپور کے راجا نے اپنے شاہی محل کو اور خوبصورت بنانے کا فیصلہ کیا۔ جس کے لئے اچھے قیمتی پیڑوں کی ضرورت تھی۔ راجا نے اعلان کیا کہ جلد ہی جلد اچھی اور انمول لکڑیاں جمع کی جائیں۔ حکم پاتے ہی سپاہی لوگوں نے گاؤں کے کونے کونے میں گھوڑے دوڑائے۔

(a) جودھپور کے راجا نے کیا فیصلہ کیا ؟

(b) سپاہی لوگوں نے گاؤں کے کونے کونے میں گھوڑے دوڑائے۔ کیوں ؟

12. گووند ایک محنتی کسان ہے۔ وہ بڑھاپے میں بھی تندرست ہے۔

بچو! اگر آپ کو کسان گووند سے ملنے کا موقع ملا تو کیا کیا پوچھیں گے ؟

انٹرویو کے لئے تین سوالات تیار کیجیے۔

13. ؎ لاکھ فوجیں لے کے آئیں امن کا دشمن کوئی

رک نہیں سکتا ہماری ایکتا کے سامنے

اس شعر میں شاعر ہمارے دیس کے امن اور ایکتا کے بارے میں بیان کرتا ہے۔

بچو! ہمارے دیس کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ لکھیے۔

14. ۲۱۔ جون کو عالمی یوگا کے طور پر منایا جاتا ہے۔

بچو، یوگا کرنے سے ہمارے جسم اور دماغ کو کیا فائدے ملتے ہیں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

15. جمہوریہ کی پریڈ میں حصہ لینے کے بعد ریناپرکاش دلّی کے مختلف تاریخی عمارتیں دیکھنے گئی۔

(a) ہندوستان کی دو تاریخی عمارتوں کے نام لکھیے۔

(b) پسندیدہ ایک تاریخی عمارت کے بارے میں نوٹ لکھیے۔

Score

4x4=16

16 سے 21 تک سوالوں میں سے کسی چار کے جواب چار یا پانچ جملوں میں لکھیے :

16. منّی کی شادی کے بعد کابلی والا 'رحمت' اپنے وطن کابل چلا گیا۔ اپنے ابا جان کو دیکھ کر اس کی بیٹی دوڑ کر آئی اور گلے لگا کر پوچھنے لگی :

بیٹی : ابا جان ! اتنے سال آپ کہاں تھے ؟

بچو! بیٹی اور کابلی والے کی گفتگو آگے بڑھائیے۔

17. کھڑی دھوپ میں اپنے گھر سے نکلنا
وہ چڑیا، وہ بلبل، وہ تتلی پکڑنا
وہ گڑیا کی شادی میں لڑنا، جھگڑنا
وہ جھولوں سے گرنا، وہ گر کے سنبھلنا

یہ اشعار غور سے پڑھیے۔ اس میں بچپن کے زمانے کے مختلف کھیلوں کے بارے میں شاعر بیان کرتا ہے۔

(a) بچو، اس کا شاعر کون ہے ؟

(b) بچپن کا زمانہ بڑا خوبصورت ہوتا ہے۔ کیوں ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

18. ڈراما ''عقلمند مچھیرا'' میں سماجی برائیوں کے خلاف آواز اٹھائی ہے۔

(a) اس ڈراما کے دو کرداروں کے نام لکھیے۔

(b) اس ڈراما کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے ؟ لکھیے۔

19. جمہوریہ کی پریڈ کے بعد نہال احمد گھر واپس آیا۔ اس کے ابا رفیق احمد ملیشیا میں ہیں۔ سفر کی ساری باتیں بتاتے ہوئے وہ ابا کے نام خط لکھنا چاہتا ہے۔

بچو! ابا جان کے نام نہال احمد کا خط تیار کیجیے۔

Score

20. ؎ برستے بادلوں میں کھیتیاں لہلہاتی ہیں
توان کی آرزوئیں جھومتی ہیں، مسکراتی ہیں

شاعر اس شعر میں کسانوں کی محنت اور ان کی مصیبتوں کے بارے میں بیان کرتا ہے۔
بچو! کسانووں کی محنت اور ان کے مسائل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں ؟ اپنے خیالات لکھیے۔

21. اشاروں کی مدد سے علی سردار جعفری کے بارے میں ایک سوانحی نوٹ تیار کیجیے :

نام : علی سردار جعفری
پیدائش : ۱۹۱۳ء اتر پردیش کے بلرام میں
شہرت : مشہور شاعر، نقاد، دانشور
اہم شعری مجموعے : نئی دنیا کو سلام، ایک خواب اور، پتھر کی دیوار، لہو پکارتا ہے
ایوارڈ : ۱۹۹۷ء میں گیان پیٹھ ایوارڈ
انتقال : ۲۰۰۰ء ممبئی میں

-oOo-